SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

October 30, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے ٹیکنالوجی سے لیس نئی بیمہ پراڈکٹ کی منظوری دے دی

اسلام آباد، ۳۰ اکتوبر: ایس ای سی پی نے جدید ٹیکنالوجی سے لیس نئی بیمہ زندگی پراڈکٹ کی منظوری دے دی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی جیسا کہ مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا کے تجزیہ کی صلاحیت سے لیس یہ بیمہ پراڈکٹ پاکستان میں اپنی نوعیت کی پہلی پراڈکٹ ہے۔ ملک کی ایک بڑی بیمہ کمپنی نے ٹیکنالوجی کی خدمات فراہم کرنے والے ایک بین الاقوامی ادارے کے ساتھ شراکت سے یہ پراڈکٹ پاکستان میں متعارف کروائی ہے۔

اس یونٹ لنکڈ پراڈکٹ کے ذریعے بیمہ کمپنی پہلے سے طے شدہ اشاریوں کی بابت پالیسی ہولڈر کے دل کی دھڑکن، کولیسٹرول کی سطح اور شوگر لیول وغیرہ کا ٹریک رکھ سکے گی۔ مزید برآں پالیسی ہولڈر کو طے شدہ اہداف پا لینے پر مذکورہ بیمہ کمپنی انعام کے طور پر کچھ پوائنٹ دے گی۔ ساتھ ہی ان اہداف کے حصول پر پالیسی ہولڈر اپنی اقساط کا کچھ حصہ اپنے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں منتقل کر سکیں گے۔ یہ پراڈکٹ نئی ایجادات کے ذریعے صارفین کو سہولیات فراہم کرتی ہے۔

مذکورہ پراڈکٹ کی منظوری مالیاتی ٹیکنالوجی کے فروغ اور نئی ایجادات سے لوگوں کو سہولیات پہنچانے کی ایس ای سی پی کی خواہش کی مظہر ہے۔ حال ہی میں ایس ای سی پی کی جانب سے انشورٹیک (انشورنس ٹیکنالوجی) کے حوالے سے ایک ورکشاپ کا بھی انعقاد کیا جا چکا ہے، جس میں مختلف پسِ منظر سے تعلق رکھنے والے سٹیک ہولڈروں کے علاوہ بیمہ کاروں، بروکروں، بینکوں اور بیمہ سے منسلک دیگر اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

یہ پراڈکٹ مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا کے تجزیہ کی وساطت سے بیمہ کمپنیوں کی جانب سے عوام کو بہتر طرزِ زندگی کی ترغیب دیتے ہوئے کمپنیوں کو اچھی صحت کے فروغ کی مہم میں معاون ثابت ہو گی۔